## سوال

جہاں تک ہوسکے اللہ سے ڈرو

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں الحمدللہ ایک مسلمان آدمی ہوں پانچوں نمازیں باقاعدگی سے مسجد میں ادا کرتا ہوں ۔ لیکن اکثر و بیشتر نیند کے غلبہ کی وجہ سے صبح کی نماز میں پیچھے رہ جاتا ہوں نیند کے غلبے کی وجہ سے اٹھنا بہت مشکل ہوجاتا ہے ۔ حالانکہ میں الارم بھی لگاتا ہوں اس وجہ سے میں بہت پریشان رہتا ہوں اور ڈرتا ہوں کہ کہیں یہ نفاق ہی نہ ہو توکیا مذکورہ صورت حال میں میں منافق تو نہیں ؟ آپ اس سلسلے میں مجھے کیا نصیحت فرمایئں گے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کے لیئے واجب یہ ہے کہ مقدور بھر کوشش کیجئے کہ نماز باجماعت ادا کرسکیں اس کے لیئے الارم سے فائدہ اٹھایئے جلد سوجایئے اور اہل خانہ سے بھی کہہ دیجئے کہ وہ آپ کو بیدار کردیں تاکہ کہیں ایسا نہ ہو کہ نیند کی وجہ سے آپ الارم کی آواز کو سن ہی نہ سکیں ارشاد باری تعالیٰ ہے :

وَمَن يَتَّقِ اللَّهَ يَجعَل لَهُ مِن أَمرِهِ يُسرًا ٤ ... سورة الطلاق

''اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے کام میں سہولت پیدا کردے گا۔''

نیز ارشاد باری تعالیٰ ہے :

فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا استَطَعتُم ١٦ ... سورة التغابن

''سو جہاں تک ہوسکے اللہ سے ڈرو۔''

اللہ تعالیٰ آپ کے لیئے معاملہ میں آسانی پیدا فرمائے اور فرض ادا کرنے میں آپ کی مدد فرمائے ۔ آمین

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

# ج1ص498

محدث فتویٰ